ایم کیوایم سندھ کی وحدت پر یقین رکھتی ہے اور سندھ دھرتی کی تقسیم کے عمل کو ہرگز قبول نہیں کرے گی، قاسم علی رضا

کراچی:۔۔۔(مانیٹرنگ ڈیسک)

متحدہ قومی موومنٹ نے واضح کہا ہے کہ ایم کیوایم سندھ کی وحدت پر یقین رکھتی ہے اور سندھ دھرتی کی تقسیم کے عمل کو ہرگز قبول نہیں کرے گی۔ یہ بات ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی رکن قاسم علی رضا نے مختلف نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی جانب سے کراچی صوبے کی بات پر ایم کیوایم کا موقف بیان کرتے ہوئے قاسم علی کہا کہ سندھ اور کراچی کے عوام کی جانب سے ایسا کوئی مطالبہ نہیں کیا جارہا ہے البتہ صوبہ پنجاب اور ہزارے وال کے عوام کی جانب سے سرائیکی صوبہ اور ہزارہ صوبہ کے قیام کے مطالبات کئے جارہے ہیں۔ ایم کیوایم بار بار یہ موقف بیان کرچکی ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالہ سے عوامی ریفرنڈم کرایا جائے اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق مطالبات پورے کئے جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے سندھ میں صوبے کی بات کیوں کی، کیونکہ نہ تو سندھ کے عوام نے کبھی سندھ کی تقسیم کی بات کی اور نہ کبھی کراچی کے عوام نے کراچی کو صوبہ بنانے کی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی صوبہ کی بات کا مقصد صوبہ پنجاب میں نئے صوبوں کے مطالبات کو ٹالنا ہوسکتا ہے تاہم ایم کیوایم سندھ کی وحدت پر یقین رکھتی ہے۔ اور سندھ کی تقسیم نہیں چاہتی اور ہمارا جینا مرنا سندھ دھرتی سے وابستہ ہے۔

☆☆☆☆☆